# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ 2015

# SINDHACT NO.IX OF 2015

# سندھ اسکول تعلیم معیار اور نصاب ایکٹ، 2014

# THE SINDH SCHOOL EDUCATION STANDARDS AND CURRICULUM ACT, 2015

## فہرست(CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. تعریف

Defintion

3. نصاب ونگ کا قیام اور اس کے کام

Establishment of Curriculum Wing and its functions

4. سندھ نصاب کائونسل کا قیام اور کام

Establishment of Sindh Curriculum Council and its Functions

5. ساخت اور تشکیل

Composition and Constitution

6. نااہلی

Disqualification

7. صوبائی نصاب کے اجلاس

Meetings of the Provincial Curriculum Council

8. جرمانہ

Penalty

9. جرم کاازالہ

Cognizance of Offence

10. عدالت کادائرہ اختیار

Jurisdiction of Court

11. اپیل

Appeal

12. چھوٹ

Indemnity

13. قواعدبنانے کااختیار

Power to make rules

14. ضوابط

Regulation

15. رکاوٹ ہٹانا

Removal of difficulty

16. منسوخی اور محفوظ کرنا

Repeal and savings

# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ 2015

# SINDHACT NO.IX OF 2015

# سندھ اسکول تعلیم معیار اور نصاب ایکٹ، 2014

# THE SINDH SCHOOL EDUCATION STANDARDS AND CURRICULUM ACT, 2015

[9 جنوری، 2015]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے میں ابتدائی سالوں سے لے کر بارہوں جماعت تک تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیئے اسکول کے تعلیم کے معیار کو برقرار رکھنے اور نصاب، نصابی اور تشخیصی عمل کو یقینی بنایا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ اسکول کے تعلیمی معیار، تحقیق پر مبنی نصاب، نصابی کتب اور سیکھے ہوئے مواد، تشخیص کی نگرانی کے ذریعے، ۲۱ ویں صدی کی سیکھنے کی ضرورت کو نظر میں رکھتے ہوئے، یہ قدم لینا ضروری ہو گیا ہے؛

اور جیسا کہ یہ تمام ضروری ہے کہ نصابی کتابوں کے معیار، تربیت کے سامان، تشخیص اور تدریس کی مشق کو بہتر بنایا جائے تاکہ کم سے کم اسکول تعلیمی معیار حاصل کر سکیں؛

اور جیسا کہ ایجنسیز کی صلاحیت کو فروغ دینا اور ساز گار تعلیمی ماحول کے

ذریعے زیادہ سے زیادہ طلباء کے سیکھنے کے نتائج کے لیئے اسکول کی تعلیم میں اچھی گورننس کو فروغ دینا۔

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائیگا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. اس ایکٹ کو سندھ اسکول تعلیم معیار اور نصاب ایکٹ، 2014 کہا جائیگا۔

(2) اس کو تمام سندھ صوبے میں وسیع کیا جائے گا۔

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف
Defintion

2. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک؛

(a) "ایجنسی" سے مراد کوئی محکمہ، ادارہ یا تنظیم یا ڈائریکٹوریٹ یا حکومت کی بیورو اور جس میں شامل ہے ایک کارپوریشن یا دوسری خود مختیار یا سیمی آٹونمس باڈی، جو کہ کسی قانون یا حکومت کے تحت بنائی گئی ہے؛

(b) "تشخیص" سے مراد طلباء کے سیکھنے کے نتائج کا جائزہ لینا؛

(c) "سیکھنے کا سازگار ماحول" سے مراد ایک سیکھنے کا ماحول جو کہ طلباء کے سیکھنے کے ہنر کو 21 ویں صدی کی مناسبت سے تعلیمی معیار کے فروغ کے لیئے نصاب کے موثر عملدرآمد میں سہولت فراہم کرے؛

(d) "کاؤنسل" سے مراد دفعہ 5 کے تحت قائم کردہ کاؤنسل؛

(e) "نصاب" سے مراد نصاب، تدریس کی اسکیم، نصابی کتاب،

درسی کتاب اور سیکھنے کا مواد، اور تشخیصی طریقوں کی تیاری کے لیئے رہنما اصولوں کا مجموعہ، جیسا حکومت کی طرف سے بیان کیا گیا ہو؛

(f) "نصابی فریم ورک" سے مراد نصابی اہداف، سیکھنے یا مضامین کے شعبوں، معیار، بنچ مارکس اور طلباء کے سیکھنے کے نتائج میں بہتری، عملدرآمد اور اسکول ایجوکیشن معیار کو حاصل کرنے کے لیئے تشخیص کو یقینی بنانا؛

(g) "نصاب ونگ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت حکومت کی طرف سے قائم کردہ نصاب ونگ؛

(h) "ابتدائی سال" سے مراد 3 سے 5 سال تک کی عمر کے بچوں کے لیئے تعلیم کی فراہمی؛

(i) "حکومت" سے مراد سندھ حکومت؛

(j) "ادارے" سے مراد وہ ادارے جو بنیادی تعلیم سے ۱۲ درجے تک تعلیم فراہم کرتے ہوں، بیان کردہ نصاب کے تحت اور ایسے دوسری تعلیمی اسٹیبلشمنٹس جو کہ حکومت کی طرف سے سرکاری گزیٹ میں اس شق کے مقاصد بیان کیئے جائیں۔

(k) "سیکھنے کا مواد" سے مراد اضافی وسیلوں کا مواد جو کہ مخصوص سطح پر مخصوص مضمون کے لیئے طلبا کے سیکھنے کے نتائج کے حاصلات میں مدد دے؛

(l) "بیان کردہ" سے مراد قواعد اور ضوابط کے مطابق بیان کردہ؛

(m) "کوالٹی" سے مراد تعلیم جو کہ تمام سیکھنے والوں کو ان کی صلاحیت کے مطابق علمی، نفسیاتی، سماجی، جذباتی تنقیدی، تخلیقی

اور مسائل حل کرنے کی صلاحیتوں کے لائق بنائے؛

(n) ”ضوابط“ سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے ضوابط؛

(o) ”اسکول تعلیم“ سے مراد ابتدائی سالوں سے بارہویں جماعت؛

(p) ”اسٹینڈرڈ“ سے مراد اسکول تعلیم کے لیئے تعلیم کے معیار تا کہ طلباء نصاب کے مطابق ہر درجے کی سطح پر تمام مضامین میں سیکھنے کے نتائج حاصل کر سکیں؛

(q) ”نصابی کتاب“ سے مراد سیکھنے کا مواد جو کہ پرنٹ یا الیکٹرانک کی شکل میں ہو، مخصوص درجوں اور مضامین کے لیئے نصاب کے مطابق تیار کردہ اور برقرار رکھا گیا ہو؛

نصاب ونگ کا قیام اور اس کے کام

Establishment of Curriculum Wing and its functions

3. (1) اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے حکومت کی طرف سے ایک نصاب ونگ قائم کی جائیگی۔

(2) نصاب ونگ کی صدارت حکومت کی طرف سے مقرر کردہ عملدار کی طرف سے کی جائے گی، جو کہ تعلیمی اور پروفیشنل قابلیت کا حامل ہو اور پالیسی، تحقیق، نصاب، تشخیص اور تعلیم میں مکمل مستحکم حصہ ہو گا۔

(3) نصابی ونگ کی سربراہی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ایک عملدار کرے گا جو تعلیمی اور پروفیشنل قابلیت کا حامل ہو اور پالیسی، تحقیق، نصاب، تشخیص اور مجموعی طور پر تعلیم میں اہم شراکت کے ساتھ ہو گا۔

(4) نصاب ونگ محکمہ تعلیم کو رپورٹ کرے گی اور نصاب، نصابی کتب اور تشخیص سے متعلقہ ایجنسیز کے ساتھ مل کر کام کرے گی، یہ؛

a) تعلیمی معیار کی ترقی کے لیئے رہنمائی فراہم کرے گی؛

b) نصاب، تشخیص، نصابی کتب اور تدریسی مواد پر حکمت عملی بنائے گی؛

c) تعلیمی معیار، نصاب، تشخیص، نصابی کتب اور تدریسی مواد کے بیچ کے تعلق کو یقینی بنانا؛

d) نصاب اور تدریسی مواد کا وقتاً فوقتاً جائزہ، تشخیص اور نظر ثانی کے رہنمائی فراہم کرنا؛

e) نصاب، نصابی کتب اور متعلہ تعلیمی اداروں کی طرف سے فراہم کردہ تدریسی مواد کی تصدیق کرنا؛

f) اداروں کے درمیاں میں مہارت، تجربے اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیئے متعلقہ وسیلوں کی شیئرنگ کے لیئے فارمل لنکس کی حوصلہ افزائی کے لیئے موثر تعاون بنانا؛

g) ایجوکیشن اور لٹریسی ڈپارٹمنٹ کے انتظامی کنٹرول کے تحت ایجنسیز یا اداروں کو مضبوط بنانے کے لیئے صلاحیت سازی کی کی حکمت عملی تیار کرنا؛

h) نصاب، تشخیص اور تعلیم کے معیار سے منسلک عناصر پر تحقیق کے لیئے رہنمائی فراہم کرنا؛

i) نصاب کے عملدرآمد میں معاونت کی سہولیات، آلات اور تدریسی مواد کے بارے میں مشورہ دینا؛

(5) موجودہ بیورو آف کریکولیم اور ایکسٹینشن ونگ کو اس کی بہتر ادارہ جاتی صلاحیت کے ساتھ ڈائریکٹوریٹ آف کریکولیم اور ریسرچ اینڈ اسسٹنٹ کے طور پر از سر نو تشکیل دیا جائے گا۔

(a) ایجوکیشن اور لٹریسی ڈپارٹمنٹ کی طرف سے کی گئی رہنمائیوں

کے مطابق اسکول ایجوکیشن کے معیار کو وضع کرنا؛

(b) حکمت عملی، نصاب کے ڈیزائن، ترقی اور نظر ثانی، نصاب کے لیئے کتب اور تدریس کے مواد کی ترقی اور سیکھنے کے لیئے یا تشخیص لیئے ثبوتوں کی بنیاد پر تحقیق کرنا؛

(c) سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، اسکول ایجوکیشن کے ڈائریکٹرز اور دیگر لائین ڈپارٹمنٹس کے ساتھ کام کرے گی نصاب کو ترقی دلانے، عملدرآمد کرانے، تشخیص کرنے میں؛

(d) اسکول ایجوکیشن معیار اور نصابی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیئے نصابی کتابوں اور تدریس کے مواد کی نظر ثانی؛

(e) درجہ 5.3 اور 8 کے طلباء کے حاصلات کے ٹیسٹ منقعد کرنا؛

(f) تمام اسکول سطح پر طلباء کی تدریس کی لگاتار تشخیص کرنا؛

(6) اساتذہ کی تعلیم کا صوبائی ادارہ (PITE) پروفیشنل اہل اساتذہ، ٹیچر ایجوکیٹرز اور ہیڈ ٹیچر کے لیئے اسکول ایجوکیشن معیار، نصاب کی بنیادی سروس سے پہلے اساتذہ کی تعلیم اور لگاتار پروفیشنل ڈولپیمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے لیئے ذمہ دار ہوگا۔ (PITE) اساتذہ کے تعلیم کے پروگرام کی اکیڈمک نگرانی کے لیئے ذمہ دار ہوگا، جب کل تمام متعلقہ اساتذہ کی تعلیم کے ادارے کے ساتھ ساتھ (PITE) ایجوکیشن اور لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کے انتظامی کنٹرول کے تحت کام کریں گے۔

(7) سندھ ٹیچر ایجوکیشن ڈولپمنٹ اتھارٹی (STEDA) ٹیچر ایجوکیشن پروگرامز کی تصدیق کرے گی اور تسلیم کرے گی

اور پیشہ ورانہ طور پر تیار کرنے کے لیئے پہلے اور ان سروس ٹیچر ایجوکیشن پروگرامز کے معیار کو یقینی بنانے کے لیئے پروفیشنلی مجاز اساتذہ کو موثر نمونے نصاب پڑھانے کے لیئے تیار کرگے گی، وہ اساتذہ میں سے پروفیشنلزم کے کلچر کی حوصلہ افزائی کے لیئے اساتذہ کے لائسنس دینے کی بھی ذمہ دار ہوگی۔

(8) سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، موثر ریگیولیٹنگ اور مانیٹرنگ اتھارٹی کے طور پر جیسا کہ آرتھرشپ، پروڈکشن، کاپی رائٹس، پرنٹنگ اور نصابی کتابوں کی ڈسٹری بیوشن اور تدریس کے مواد کو موثر نمونے بروقت بہتر بنایا جاسکے؛

a. نصابی کتب اور سیکھنے کے مواد کی فراہمی چین پروسس کی ہر سطح پر کارکردگی اور سروس کے معیار کو یقینی بنانا؛
b. نصابی کتب اور سیکھنے کے سامان کی ترقی اور پیداوار کو پیکجز کی صورت میں شفاف اور مسابقتی طریقے آوٹ سورسنگ کرنا؛
c. نصابی کتب اور سیکھنے کے مواد کی کلاس روم کی سطح تک بروقت رسائی اور ٹریکنگ کے لیئے ٹیکنالاجیکل جدت سے آراستہ ایجوکیشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم استعمال کرنا؛

(9) اسکول ایجوکیشن کی ڈائریکٹوریٹس اپنے ضلع ایجوکیشن آفیسرز کے ذریعے ہر سرماہی میں کم از کم ایک مرتبہ نصاب کے عملدار کی نگرانی کریں گی اور اسکول ایجوکیشن معیار کے حاصلات کے لیئے متعلقہ معلومات جمع کریں گی اور بروقت ایجوکیشن اور

لٹریسی ڈپارٹمنٹ کو جمع کروائیں گی۔

(10) ایجوکیشن اور لٹریسی ڈپارٹمنٹ اپنے ضابطے کے تحت ایجنسیز کی ادارتی صلاحیت کو فروغ دلائے گا، جو کہ پائیدار بنیادوں پر اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ذمہ دار ہونگے۔

**سندھ نصاب کائونسل کا قیام اور کام**

**Establishment of Sindh Curriculum Council and its Functions**

4. (1) حکومت اس ایکٹ کے موثر عملدار کے لیئے سرکاری گزٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے کاؤنسل قائم کرے گی، جس کو سندھ نصاب کاؤنسل کہا جائے گا۔

(2) کاؤنسل:

a) اسکول تعلیمی معیار بنانے اور حکمت عملیوں بہتر بنانے پر مشورہ دے گا؛

b) تحقیقی بنیاد پر مبنی نصاب متعارف کرانے کے بارے میں مشورہ جو کہ مقامی، قومی اور علائقائی ضروریات سے متعلق ہو؛

c) نصاب کی ترقی، نفاذ اور تشخیص کے لیئے رہنما اصول، پالیسیاں اور ترجیحات مرتب کرنا، بشمول نصابی کتب اور تشخیصات صوبائی، قومی اور عالمی تناظر میں؛

d) مقرر کردہ اصولوں اور حکمت عملیوں کے مطابق اسکول تعلیمی معیار کو برقرار رکھنا اور نصاب کی نگرانی کو یقینی بنانا؛

e) متعلقہ تعلیمی ایجنسیز کی کارکردگی رپورٹس اور مستقبل کے منصوبوں کا جائزہ لے گی اور تعمیری فیڈ بیک فراہم کرے گی؛

| | |
|---|---|
| 5. (1) وزیر تعلیم چیئرپرسن ہو گا اور سیکریٹری تعلیم کاؤنسل کا چیئرمین ہو گا؛ | ساخت اور تشکیل<br>Composition and Constitution |

| | |
|---|---|
| 1. سندھ اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے تعلیم کا چیئرپرسن۔ | میمبر |
| 2. چیئرپرسن سندھ ٹیکسٹ بورڈ | میمبر |
| 3. نصاب، تشخیص اور تحقیق کا ڈائریکٹر | میمبر |
| 4. ڈائریکٹر جنرل PITE | میمبر |
| 5. ایگزیکیٹو ڈائریکٹر STEDA | میمبر |
| 6. امتحانی بورڈز کا ایک چیئرپرسن | میمبر |
| 7. سندھ یونیورسٹی کی تعلیم فیکلٹی کا ڈین | میمبر |
| 8. چیف پروگرام مینجر، RSU | میمبر |
| 9. اسکول ایجوکیشن کے دو ڈائریکٹرز | میمبر |
| 10. نصاب، نصابی کتب اور تشخیص کا ایک ماہر | میمبر |
| 11. کارپوریٹ سیکٹر میں سے ایک نمائندہ | میمبر |
| 12. نجی اسکول مینجمنٹ میں سے ایک نمائندہ | میمبر |
| 13. ایجوکیشن میں کام کرنے والے این | میمبر |

جی اوز میں سے ایک نمائندہ

14. ملازمت کرنے والے اساتذہ (دو ہیڈ ٹیچرز اور دو ٹیچرز) — میمبر

15. نصاب ونگ کا ہیڈ — میمبر / سیکریٹری

(2) کاؤنسل کسی شخص کو کسی خاص مقصد کے لیے میمبر مقرر کر سکتی ہے، لیکن ایسے شخص کو ووٹ کا حق حاصل نہیں ہو گا۔

(3) کاؤنسل کے نان آفیشل میمبرز تین سال کی عرصہ مدت کے لیئے عہدہ رکھ سکیں گے، جو کہ نان آفیشل میمبر کی کارکردگی کی بنیاد پر ایک مزید مدت کے لیئے بڑھانے لائق ہو گا۔

نااہلی
Disqualification

6. (1) کوئی شخص نامزد نہیں کیا جائے گا یا میمبر کے طور پر جاری نہیں رکھ سکے گا، اگر؛

a) اخلاقی پستی میں ملوث جرائم کا مرتکب ہوا ہے یا اسے کبھی سزا دی گئی ہے؛ یا
b) بدعنوانی کا مجرم ہے یا ملوث رہا ہو؛ یا
c) عدالت کی طرف سے ذہنی مریض قرار دیا گیا ہے یا دیا گیا ہو؛ یا
d) دیوالیہ قرار دیا گیا ہے یا دیا گیا ہو؛ یا
e) طبی یا ذہنی معذوری کے سبب ذمہ داریاں نبھانے سے قاصر ہے یا حکومت کی طرف سے بنائے گئے اسپیشل میڈیکل بورڈ سے قرار دیا گیا ہو؛ یا
f) چیئر اور وائس چیئر کے علاوہ کاؤنسل کے عملے کا ملازم ہے؛ یا
g) تکرار یا مفادات کے متعلق معلومات ہونے کے باوجود تین دن کے

اندر کاؤنسل کو کسی تکرار یا مفادات ظاہر کرنے میں ناکام ہوتا ہے؛ یا

h) کسی بھی عوامی عہدے پر فائز ہونے کے لیئے عدالت کے حکم سے نااہل قرار دیا گیا ہو؛ یا

i) حکومت کی طرف سے برطرف کیا گیا ہو؛

(2) نامزد کردہ میمبر کسی بھی وقت عہدے سے چیئر پرسن کو استعفیٰ دے سکتا ہے۔

**صوبائی نصاب کے اجلاس**
**Meetings of the Provincial Curriculum Council**

7. (a) کاؤنسل کے اجلاس اتنا جلد طلب کیئے جایں گے، ایسی تاریخ اور جگہ وقت پر جیسا چیئر پرسن طے کرے، بشرطیکہ کاؤنسل سہ ماہی میں کم از کم ایک مرتبہ اجلاس طلب کرے گی۔

(b) کورم کاؤنسل کے کاموں کے سلسلے میں کاؤنسل کے کاموں کے سلسلے میں کاؤنسل کے اجلاس طلب کر سکتا ہے۔

(c) اجلاس کے مقصد کے لیئے پچاس فیصد میمبر کورم بنائیں گے۔

**جرمانہ**
**Penalty**

8. جو کوئی بھی اس ایکٹ کی گنجائشوں کی خلاف ورزی کرتا ہے، قید کے لیئے قابل سزا ہوگا، جو کہ چھ ماہ تک بڑھ سکتی ہے، یا جرم جو کہ پینتالیس ہزار روپے سے کم نہ ہوگا۔ یا دونوں ساتھ، کسی دوسرے جرمانے کے علاوہ جس کے لیئے وہ کسی دوسرے قوانین کے تحت ذمہ دار ہو سکتا ہے۔

**جرم کا ازالہ**
**Cognizance of Offence**

9. کوئی بھی عدالت جرم کا ازالہ نہیں کرے گی، جب تک حکومت یا اس سلسلے میں اس کی طرف سے بااختیار بنائے گئے کسی شخص کی طرف سے شکایت نہ کی جائے۔

| | |
|---|---|
| 10. جڈیشل مجسٹریٹ سے کم کوئی عدالت اس ایکٹ کی دفعہ کے تحت جرم کا ازالہ نہیں کرے گی، سوائے مجاز اختیاری کی طرف سے تحریری شکایت کے۔ | عدالت کادائرہ اختیار<br>Jurisdiction of Court |
| 11. کاؤنسل کی ہدایت یا حکم سے متاثر کوئی بھی شخص ہدایت یا حکم ملنے کے تیس دن کے اندر حکومت کی اپیل کر سکتا ہے، جس کا فیصلہ اس سلسلے میں حتمی ہو گا۔ | اپیل<br>Appeal |
| 12. کوئی مقدمہ، کیس یا دوسرے قانونی کاروائی کسی شخص کے خلاف نہیں کی جائے گی، جس نے اس ایکٹ یا کسی قانون یا اس سلسلے میں کیئے گئے حکم کے تحت اچھی نیت سے کچھ کیا ہو یا کچھ کرنے کا ارادہ کیا ہو۔ | چھوٹ<br>Indemnity |
| 13. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔ | قواعد بنانے کا اختیار<br>Power to make rules |
| 14. ایکٹ میں قواعد کے مطابق، مجاز اختیاری، صوبائی نصاب کاؤنسل کی سفارش پر اس ایکٹ کی کی گنجائشوں اور قواعد کو موثر بنانے کے لیئے ضوابط بنا سکتی ہے۔ | ضوابط<br>Regulation |

| | |
|---|---|
| 15. اگر اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے، حکومت ایسی رکاوٹ ہٹانے کے لیئے ایسی ہدایت دے سکتی ہے، جو کہ ضروری ہوں۔ | رکاوٹ ہٹانا<br>Removal of difficulty |
| 16. (1) وفاقی نصاب، نصابی کتب کی نگرانی اور تعلیم کے معیار کی مینٹننس ایکٹ، 1976 (1976 کے X) کی گنجائشوں کو سندھ صوبے تک بڑھانے کو منسوخ کیا جاتا ہے۔<br><br>(2) جیسا کہ وفاقی نصاب، نصابی کتب کی نگرانی اور تعلیم کے معیار کی میٹنس ایکٹ، 1976 (1976 کے X) کی کی گنجائشوں کو سندھ صوبے تک بڑھانے کی منسوخی تک، کچھ بھی کیئے گئے، کاروائیوں یا لیئے گئے قدم، حکم یا بنائے گئے قواعد، واجب الادا یا بیان کردہ ایکٹ کے تحت حاصل کیئے گئے حق، جو کہ اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق ہوں، اسے اس ایکٹ کے تحت کیئے، لیئے گئے، بنائے گئے، وصول کیا گیا یا حاصل کیا گیا سمجھا جائے گا۔ | منسوخی اور محفوظ کرنا<br>Repeal and savings |

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**